سوال

(16) آیت پر انگلیاں پھیرتے جانا یا ہر آیت کے بدلہ صرف بسم اللہ مکمل پڑھتے جانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چند نفوس کا ایک جگہ بیٹھ کر حصہ داری سے قرآن کریم ختم کرنا کیسا ہے۔ یا پڑھنے کی بجائے آیت پر انگلیاں پھیرتے جانا یا ہر آیت کے بدلہ صرف بسم اللہ مکمل پڑھتے جانا اور اس طرح ختم قرآن سمجھنا کیا حکم رکھتا ہے۔ (بابو محمد سلیم کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ سب حیلے بہانے ہیں۔ نہ حضور ﷺ اور صحابہ نے یہ کام کیے۔ نہ آئمہ عظام نے یہ ترکیبیں بتائیں۔ یہ سب امور بدعت اور ایجاد بندہ ہیں۔ اور خود فریبی سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتیں۔ (اخبار اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر 15 س 6)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 12 ص 121

محدث فتویٰ